## فلوریڈا کے ایک پادری کی جانب سے قرآن پاک کے نسخے نذر آتش کرنے کے شیطانی منصوبہ پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت
## کوئی بھی مسلمان حتیٰ کہ مذاہب عالم کے احترام پر یقین رکھنے والا کوئی بھی فرد اس ناپاک حرکت کو برداشت نہیں کرسکتا۔الطاف حسین
## ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کیا جائے جس سے مسلمانوں یا کسی بھی مذہب کے ماننے والوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 9 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فلوریڈا کے ایک پادری کی جانب سے قرآن پاک کے نسخے نذر آتش کرنے کے شیطانی منصوبہ کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ انتہائی سنگین معاملہ ہے جس سے پاکستان سمیت تمام مسلم امہ میں گہری تشویش پائی جاتی ہے اور کوئی بھی مسلمان حتیٰ کہ مذاہب عالم کے احترام پر یقین رکھنے والا کوئی بھی فرد اس ناپاک حرکت کو برداشت نہیں کرسکتا۔جناب الطاف حسین نے امریکی حکومت سے کہا کہ اس ناپاک ارادے کے مرتکب پادری کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کیا جائے جس سے مسلمانوں یا کسی بھی مذہب کے ماننے والوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔

☆☆☆☆☆

## سن چیریٹی امریکا کے رکن ارشد حسین کا دیگر ارکان کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی کا دورہ
## ارکان رابطہ کمیٹی سے ملاقات اور امدادی کاموں کا جائزہ لیا
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور گلفراز خان خٹک نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے غذائی اجناس کا ایک اور ٹرک کوئٹہ روانہ کیا

کراچی۔۔۔9ستمبر2010ء

سوسائٹی فورانویل آینڈ نیڈی (SUN) امریکا کے رکن ارشد حسین نے گذشتہ روز دیگر ارکان کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کراچی کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، کیف الوریٰ اور حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی سے ملاقات کرنے کے علاوہ وہاں پر سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جاری امدادی کاموں کو جائزہ لیا اور اپنی جانب سے انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر انہوں نے اپنی جانب سے متاثرین سیلاب کے لئے غذائی اجناس ، پینے کا صاف پانی اور ادویات پر مشتمل ٹرک سیف یار خان، کیف الوریٰ اور رؤف صدیقی کے حوالے کیا۔ارکان رابطہ کمیٹی نے سن چیریٹی امیرکا کی جانب سیلاب زدگان کیلئے ملنے والی اس امداد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے ارشد حسین سے اظہار تشکر کیا۔ دریں اثناء ارکان رابطہ کمیٹی سیف یار خان اور گلفراز خان خٹک نے بھی گذشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے اپنی نگرانی میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے غذائی اجناس و دیگر اشیاء ضرورت پر مشتمل ایک اور ٹرک کوئٹہ کیلئے روانہ کردیا۔جس میں آٹا، دالیں، خشک دودھ، چینی، بسکٹس کے علاوہ ملبوسات سمیت زندگی بچانے والی ادویات بھی شامل ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنوں اور کے کے ایف کے رضا کاروں کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور اس پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے امدادی سامان کی دوسری کھیپ متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے امریکہ کے شہر شکاگو سے پاکستان کیلئے روانہ

## USA *for* UNHCR کیساتھ امدادی سرگرمیوں میں تعاون کے معاہدے سے امدادی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔سن چیریٹی یو ایس اے

شکاگو۔۔۔9،ستمبر 2010ء

سوسائٹی فورآنویل آینڈ نیڈی (SUN) امریکا اور USA FOR UNHCR کے تعاون سے پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان کی دوسری کھیپ گذشتہ روز امریکا کے شہر شکاگو سے پی آئی اے کی خصوصی پرواز کے ذریعے پاکستان کے لئے روانہ کردی گئی اس امدادی سامان میں خشک دودھ، بسکٹ کے پیکٹ، چینی، دالیں، چائے کے پیکٹ، آٹا اور چاول کے علاوہ روزمرہ بنیادی اشیاء سمیت ملبوسات مردانہ اور زنانہ کپڑوں کے جوڑے شامل ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم امریکہ شگاگو یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان اور سن چیرٹی امریکا کے نمائندگان جنید فہمی، محمد خالد اور شہزاد امان بھی موجود تھے۔جنید فہمی اور سن چیرٹی امریکا کے ترجمان نے ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس امدادی سامان میں متاثرین سیلاب کیلئے امدادی اشیاء پر مشتمل ۳۲۵ کارٹن شامل ہیں۔امریکہ کی عوام بالخصوص مخیّر حضرات کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت امداد جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے اور سن چیریٹی کی امدادی سرگرمیاں USA *for* **UNHCR** کے تعاون سے پاکستان کے سیلاب زدگان میں امدادی سامان کی ترسیل ضرورتمندوں تک بروقت پہنچ سکے گی اور سن چیریٹی امریکا اپنے طور پر بھی طویل المدتی منصوبہ تیار کررہی ہے جس کے تحت امدادی سرگرمیاں مہینوں اور سالوں تک جاری رہ سکیں گی اس منصوبے میں سیلاب سے متاثرین کی امداد، اور انکی نفسیاتی اور سماجی بحالی بھی شامل ہے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت تربیتی پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ جاری ہے، خواتین میں بے حد مقبولیت اختیار کررہا ہے

## ابتدائی طور پر 6 علاقوں میں پروگرام کے تحت کلاسیں کی گئی، اب 28 علاقوں تک اس کا دائرہ کار پھیل گیا ہے

## پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کے تحت سینکڑوں خواتین پڑھنا، لکھنا سیکھ چکی ہیں

## الطاف بھائی کی خواہش ہے کہ خواتین زیور علم سے آراستہ ہوں، ایم کیوایم شعبہ خواتین

## خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت خواتین کے اجتماع کا انعقاد

کراچی۔۔۔9،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کے عنوان سے جاری خواتین کا تربیتی پروگرام شہر کے مختلف علاقوں کی خواتین میں بے حد مقبولیت حاصل کررہا ہے۔ گزشتہ روز خواندگی کے عالمی دن کے موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیراہتمام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں خواتین کا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں تربیتی پروگرام پڑھو اور بڑھو میں خواتین کی بڑی تعداد نے میں شرکت کی۔اس تربیتی گروام کے لئے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی جانب سے ابتدائی طور پر کراچی کے علاقے ملیر، شاہ فیصل، لانڈھی، کورنگی ، گلستان جوہر اور نارتھ کراچی میں اس پروگرام کی کلاسوں کا آغاز کیا گیا تھا جہاں کی رہائشی خواتین نے یہاں اپنے ناموں کا اندراج کرایا اور پابندی سے کلاسیں لیں اور آج الحمدللہ پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کا دائرہ کار بڑھ کر کراچی کے 27 مقامات تک پھیل گیا ہے پڑھو اور بڑھو کے تحت سینکڑوں خواتین اپنا نام لکھنا اور دستخط کرنا سیکھ چکی ہیں جبکہ بہت سی خواتین اخبار پڑھنا اور ضرورت کے مطابق لکھنا بھی جان چکی ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ بدقسمتی سے شرح خواندگی کے حوالے سے دنیا کے 180 ممالک میں پاکستان کا نمبر 162 واں ہے، پرائمری ایجوکیشن کے حوالے سے 134 ممالک میں پاکستان کا نمبر 117 واں ہے یہ اعداد وشمار جہاں فکرمندی کا باعث ہیں وہیں تشویشناک بھی ہیں اسی ضمن میں ایم کیوایم شعبہ خواتین نے پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کا آغاز کیا جو کامیابی سے جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں خواندگی کی شرح کو مزید بہتر بنانے کیلئے پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کے تحت عملی کردار ادا کیا جارہا ہے اس کے دائرہ کار کو پورے ملک میں پھیلانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خواہش ہے کہ ان کی مائیں، بہنیں زیور تعلیم سے آراستہ ہوں اور معاشرے کا بہتر سے بہتر فرد بن کر اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں۔اس موقع پر اجتماع میں شریک خواتین نے کہا کہ ہمیں پروگرام ’’پڑھو اور بڑھو‘‘ کے ذریعے معاشرے کا کارآمد فرد بنایا گیا ہے جس پر ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خصوصی شکر گزار ہیں اور ان کیلئے ہمیشہ دعا گو رہیں گے۔

## نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے متاثرین سیلاب کیلئے کئی ٹرک امدادی سامان کے کے ایف کے حوالے

کراچی۔۔۔09ستمبر2010ء

نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے 7 ٹرکوں پر مشتمل بھاری مقدار میں غذائی اجناس و دیگر امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گذشتہ روز حوالے کردیا۔ یہ امدادی سامان بدھ کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل اور شاہد لطیف کے حوالے کیا گیا جس میں بھاری مالیت کی خشک اجناس آٹا، چاول، مختلف اقسام کی دالیں، خشک دودھ، چائے کی پتی، گھی، مصالحہ جات، نمک، پینے کے صاف پانی کی ہزاروں بوتلیں اور 550 بستروں کے علاوہ دیگر امدادی سامان اور نقد عطیات بھی شامل ہیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے اس کارخیر کو سراہا اور قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں شاباش دی اور خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی اور نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان کے علاوہ نارتھ ناظم آباد کے عوام کی بھی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کے تحت حیدری مارکیٹ سے متصل شاہراہ پر ایک بڑا امدادی کیمپ لگایا گیا ہے جہاں مخیّر حضرات اور عوام غذائی اجناس اور نقد عطیات جمع کروارہے ہیں۔ بعدازاں یہ امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں وصول کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری

### اب تک 27 کروڑوں روپے مالیت کے امدادی سامان پہنچادیا

### عیدالفطر کی سوغات شیرخورمے کا سامان اور نئے ملبوسات سمیت دیگر سامان متاثرین میں تقسیم کیلئے روانہ

کراچی۔۔۔9ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں جمعرات لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان متاثرین میں تقسیم کیلئے روانہ کیا گیا جبکہ اتنی ہی مالیت کا امدادی سامان مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں پہنچایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات 29 رمضان المبارک کو لاکھوں روپے مالیت کے سلے سلائے نئے ملبوسات، شیرخورمے کا سامان اور غذائی اجناس سمیت دیگر امدادی سامان سے بھرے ٹرک اندرون سندھ کے مختلف شہروں ٹھٹھہ، دادو، جامشورو اور حیدرآباد کیلئے روانہ کردیئے گئے۔ یہ امدادی ٹرک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک، نیک محمد، سیف یار خان اور کیف الوریٰ نے اپنی نگرانی میں سیلاب سے متاثرہ شہروں میں روانہ کیے جس میں عیدالفطر کی مناسبت سے متاثرین کیلئے مردانہ، زنانہ اور بچکانہ سائز کے ہزاروں نئے ملبوسات، خواتین اور بچیوں کیلئے چوڑیاں، شیرخورمے کا مکمل سامان، غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی اور دیگر امدادی سامان شامل ہے۔ اس سے قبل رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کر کے امدادی سامان کا معائنہ کیا اور پیکنگ کے کاموں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا اور اپنے ہاتھوں سے بھی امدادی سامان تمام ٹرکوں میں لوڈ کروایا۔ علاوہ ازیں کلفٹن ڈیفنس ریزیڈنٹس کمیٹی کے ارکان نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان سے بھرے تین ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیے۔ اس سلسلے میں کلفٹن ڈیفنس ریزیڈنٹس کمیٹی کے زیراہتمام لگائے امدادی کیمپ پر ایک سادہ تقریب منعقد کی گئی جس میں تمام امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و سابق حق پرست ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے سپرد کیا گیا۔ اس موقع پر سید مصطفیٰ کمال نے کلفٹن ڈیفنس ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران و کارکنان نے شرکت کی۔ امدادی سامان میں بھاری مقدار میں غذائی اجناس جس میں تقریباً ایک ہزار سیلاب زدگان کیلئے ایک ماہ کا مکمل راشن، پینے کا صاف پانی، ملبوسات اور دیگر اشیاء شامل ہیں۔ دریں اثناء معروف بزنس مین شارخ جمال، وقاص منور اور نذیر کمال نے حق پرست صوبائی وزیر صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات کی اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے نئے ملبوسات کا ایک کنٹینر عطیہ کیا۔ بعدازاں انہوں نے سیلاب متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کی تعریف کی۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے شارخ جمال، وقاص منور اور نذیر کمال کے سیلاب زدگان کیلئے احساسات اور جذبات کو سراہا اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ارکان اورحق پرست صوبائی وزیر نے عبداللہ شاہ اصحابیؒ کے مزار پرحاضری

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پرچاڈرچڑھائی اورفاتحہ خوانی

ٹھٹھہ۔۔۔9ستمبر/2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ارکان جاوید کاظمی ،شاکرعلی اورحق پرست صوبائی وزیرخالد بن ولایت کے ہمراہ عبداللہ شاہ اصحابیؒ کی مزار پر حاضری دی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چاڈر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی ودیگرارکان بھی موجود تھے۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندوستی اوردارزی عمر،ملک کی سلامتی ،دہشت گردی کے خاتمے کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## کراچی میں جائیداد کی خرید وفروخت پرکیپٹل ویلیوٹیکس پرتین سوفیصد اضافہ غیر منطقی ہے واپس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔9ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں جائیداد کی خریدفروخت پرکیپٹل ویلیوٹیکس میں تین سوفیصداضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کراچی کے شہریوں پرسراسرظلم وزیادتی قراردیاہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث پہلے عوام شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ شہری پراپرٹی کی ویلیوویسے ہی انحطاط کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ اسے حالات میں جائیداد کی خریدوفروخت پرکیپٹل ویلیوٹیکس کی مدمیں مختص رقم میں یکمشت تین سوفیصداضافہ غیر منطقی اقدام اورکراچی کے شہریوں کے ساتھ ظلم وبربریت اورکھلی دشمنی کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ رواں سال کے دوران کیپٹل ویلیوٹیکس میں اچانک ہوش رباءاضافے سے کراچی کوشہریوں کوناقابل برداشت مہنگائی کے بوجھ کا سامنا کرنا پڑیگا جسے کراچی کے شہری کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں کیپٹل ویلیوٹیکس کی مد میں تین سوفیصداضافے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورغیر منطقی اقدام کوفی الفورواپس لیا جائے۔

☆☆☆☆☆